۹- حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنی حفاظت کے لیے اسلحہ رکھنے کا حکم دیا ہے ۔ کیا اب بھی لائسنس لینا ضروری ہے ؟

۱۰- حضرت سلیمانؑ اور بلقیس کا نکاح ہوا تھا یا نہ ؟

۱۱- زلیخا کو اس کے جرم پر مطعون کیا جا سکتا ہے ؟

۱- عورت کے سر کے بال:

ستر میں داخل ہیں، حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشاد ہے کہ جب لڑکی بالغ ہو جائے تو اس کے چہرہ اور دونوں ہتھیلیوں کے سوا اس کا کچھ اور حصّہ نظر نہ آئے:

"یَا اَسْمَاءُ اِنَّ الْمَرْأَةَ اِذَا بَلَغَتِ الْمَحِيْضَ لَمْ يَصْلُحْ اَنْ يُّرٰى مِنْهَا اِلَّا هٰذَا وَهٰذَا وَاَشَارَ اِلٰى وَجْهِهٖ وَكَفِّهٖ"
(ابوداؤد)

نیز فرمایا:

"اَلْجَارِيَةُ اِذَا حَاضَتْ لَمْ يَصْلُحْ اَنْ يُّرٰى مِنْهَا اِلَّا وَجْهُهَا وَيَدَاهَا" (ابوداؤد)

۲- نیک عورتوں کے لیے نیک مرد:

نیک عورتوں کے لیے نیک مرد ہوں گے:

"اَلصَّالِحَاتُ لِلصَّالِحِيْنَ" (طبرانی عن لقیط بن عامر سحادی الانام الی دار السلام صـ۸۹)

۳- مدرکِ تشہد مدرکِ جمعہ ہوگا:

کیونکہ تکبیر سے سلام پھیرنے تک جو نماز ہے وہی نمازِ جمعہ بھی ہے، جتنی باقی رہ گئی وہ ادا کرے:

"عَنْ اَبِیْ وَائِلٍ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ مَنْ اَدْرَكَ التَّشَهُّدَ فَقَدْ اَدْرَكَ الصَّلٰوةَ" (ابن ابی شیبہ صـ ۱۳۱/۲)

۴- ذبح کے وقت جذبات:

ذبح کے وقت اگر ترس آتا ہے تو رحم دلی کی بات ہے، مبارک ہے، تاہم